دی ہے۔ ان کی یہ علمی کاوش ان شاء اللہ قرآن کریم کے انگریزی تراجم کے مطالعہ و جائزہ کے میدان میں محققین کے لیے رہ نما کا کام دے گی۔ (ضیاء الدین فلاحی)

شرح تحفۃ الاعراب تالیف: علامہ حمید الدین فراہیؒ شرح: مولانا احتشام الدین اصلاحی

ناشر: دائرۂ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ (یوپی) ۲۰۰۸ء، ص ۶۷، قیمت: -/۳۰ روپے

بیسویں صدی کے اوائل میں علامہ حمید الدین فراہی (م ۱۹۳۰ء) نے قرآن مجید کی روشنی میں نحو اور بلاغت کی از سر نو تدوین و تسہیل کا بیڑا اٹھایا۔ فن نحو میں انھوں نے النحو الجدید کے نام سے ایک تصنیف کا خاکہ تیار کیا۔ ابتدائی درجات کی تدریس کے لیے اسباق النحو کے نام سے دو حصے (حصہ اول اسم کے بیان میں، حصہ دوم فعل کے بیان میں) تصنیف کیے۔ پھر طلبہ کی مزید سہولت کے لیے الفیہ ابن مالک کے طرز پر اردو زبان میں ایک مختصر منظوم کتابچہ 'تحفۃ الاعراب' کے نام سے تحریر کیا، تاکہ طلبہ آسانی سے اسے یاد کرلیں اور نحو کے مسائل انھیں مستحضر رہیں۔

یہ منظوم رسالہ ۱۲۸/ اشعار پر مشتمل ہے۔ انتہائی مختصر ہونے کی وجہ سے طلبہ کی اس پر گرفت آسان نہیں تھی، اس لیے ضرورت تھی کہ اس کی اوسط درجے کی ایک شرح تیار ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے مولانا احتشام الدین اصلاحی (پ: ۱۹۲۶ء) کو، جو مدرسۃ الاصلاح میں نحو کے استاذ ہیں اور اس فن میں تدریس کا طویل تجربہ رکھتے ہیں۔ انھوں نے طلبہ کی اس ضرورت کو محسوس کیا اور بہت سلیس اور عام فہم انداز میں یہ شرح تیار کردی۔

یہ کتاب شارح موصوف کے لائق فرزند ڈاکٹر نازش احتشام اصلاحی کی دل چسپی اور کوشش سے دائرۂ حمیدیہ سے شائع ہوئی ہے۔ اس خدمت پر وہ تمام وابستگان تعلیم و تدریس کی جانب سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ (م۔ر)

مولانا کاتبی نیشاپوری مولانا عبد السلام ندوی

ناشر: مولانا عبد السلام فاؤنڈیشن ممبئی، ۲۰۰۸ء، ص ۸۸، قیمت -/۵۰ روپے

کاتبی نیشاپوری (م ۸۳۹ھ) نویں صدی ہجری میں فارسی کے ایک اہم شاعر،